بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ اِنِّیْ مُهِيْنٌ مَنْ اَرَادَ اِهَانَتَكَ ۔ اِنِّیْ مَعَكَ اِنِّیْ مَعَ الْاَفْوَاجِ ۔ اِنِّیْ اُحَافِظُ كُلَّ مَنْ فِی الدَّارِ ۔ اِنِّیْ اُعِيْذُ كُلَّ مَنْ اَرَادَ اِعْزَازَكَ ۔ اِنِّیْ اُعِيْذُ الْمَنْزِلَ ۔ اِنِّیْ اُعِيْذُ الْمَكَانَ ۔ اِنِّیْ اُعِيْذُ الْمَرْءَ ۔ اِنِّیْ اُعِيْذُ الْمَرْءَ ۔ اِنِّیْ اُعِيْذُ الْمَرْءَ

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۱۷ شعبان ۱۴۰۰ھ ۲ وفا ۱۳۵۹ ہش ۲ جولائی ۱۹۸۰ء | نمبر ۱۵۰

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بمعہ قافلہ بخیریت فرینکفورٹ پہنچ گئے

احباب جماعت کیلئے حضور کی طرف سے محبت بھرا السلام علیکم

ربوہ ۳۰ احسان/جون۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بیرونی ممالک کے دورے کے پہلے مقام فرینکفورٹ پر بمعہ اہل قافلہ بخیر و عافیت پہنچ گئے ہیں۔ الحمد للہ

حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب کی طرف سے آج یہاں جناب امیر مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد کو جو کیبل گرام موصول ہوئی ہے۔ اس میں حضور کے بخیریت پہنچنے کی اطلاع دینے کے ساتھ یہ مسرت بھری اطلاع بھی موصول ہوئی ہے کہ حضور احباب جماعت پاکستان کو محبت بھرا

السلام علیکم

کہتے ہیں۔ کیبل گرام میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ہمارے پیارے آقا ایدہ اللہ کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ ۲۹ جون کو علی الصبح دو بجکر بیس منٹ پر کراچی سے روانہ ہوئے تھے۔

احباب کرام خصوصی توجہ اور التزام سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت و عافیت اور سلامتی کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا یہ دورہ کامیاب کرے اور دنیا بھر میں اشاعت قرآن کریم کو کامیابی سے ہمکنار کرے اور جماعت احمدیہ کو وہ دن جلد دکھائے جبکہ مغرب و مشرق کے لوگ یدخلون فی دین اللہ افواجاً کا نظارہ دیکھتے ہوئے

(باقی دیکھیں صفحہ پر)

تفسیر القرآن حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

مالی قربانی کا کمال یہ ہے کہ جو کچھ اس کا ہے وہ خدا کا ہو جائے

رزق سے مراد صرف درہم و دینار نہیں بلکہ ہر وہ نعمت ہے جو انسان کو دی گئی ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ارشاد باری تعالیٰ

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (البقرہ ۲-۴)

ترجمہ:۔ میں اللہ سب سے زیادہ جاننے والا ہوں۔ یہی کامل کتاب ہے، اس (امر) میں کوئی شک نہیں، متقیوں کو ہدایت دینے والی ہے۔ جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو (کچھ) ہم نے انہیں دیا ہے، اس میں سے خرچ کرتے رہتے ہیں۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

"لوگ باوجود ایمان اور عمل صالح کے کامل استقامت اور کامل ترقی کے محتاج ہیں جس کی راہ نمائی صرف خدا ہی کر سکتا ہے۔ انسانی کوشش کا اس میں دخل نہیں ....." نماز کے متعلق جس ذائد ہدایت کا وعدہ ہے وہ یہی ہے کہ اس قدر طبع جوش اور ذاتی محبت اور خشوع اور کامل حضور میسر آجائے۔ کہ انسان کی آنکھ اپنے محبوب حقیقی کے دیکھنے کے لئے کھل جائے اور ایک خارق عادت کیفیت مشاہدہ جمال باری کی میسر آجائے جو لذات روحانیہ سے سراسر معمور ہو۔ اور دنیاوی رذائل اور اخلاق و اقسام کے معاصی قولی اور فعلی اور بصری اور سماعی سے دل کو متنفر کر دے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (ھود ۱۱۵)

ایسا ہی مالی عبادت جس قدر انسان اپنی کوشش سے کر سکتا ہے وہ صرف اس قدر ہے کہ اپنے اموال مرغوبہ میں سے کچھ خدا کے لئے دیوے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ میں فرمایا ہے۔ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ۔ اور جیسا کہ ایک دوسری جگہ فرمایا ہے۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔ (آل عمران ۹۳) لیکن ظاہر ہے کہ اگر مالی عبادت میں انسان صرف اسی قدر بجا لاوے کہ اپنے اموال محبوبہ مرغوبہ میں سے کچھ خدا تعالیٰ کی راہ میں دیوے تو یہ کچھ کمال نہیں ہے۔ کمال تو یہ ہے کہ ماسوی سے بکلی دست بردار ہو جائے۔ اور جو کچھ اس کا ہے وہ اس کا نہیں بلکہ خدا کا ہو جائے۔ یہاں تک کہ جان بھی خدا تعالیٰ کی راہ میں فدا کرنے کے لئے طیار ہو۔ کیونکہ وہ بھی مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ میں داخل ہے۔ خدا تعالیٰ کا منشاء اس کے قول مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سے درہم و دینار نہیں ہے بلکہ یہ بڑا وسیع لفظ ہے۔ جس میں ہر ایک وہ نعمت داخل ہے جو انسان کو دی گئی ہے"

(تفسیر سورہ بقرہ ص۹)

احمدیہ مسلم مشن جارج ٹاؤن (گی آنا) کی تعمیر مکمل ہو گئی

جماعت احمدیہ گی آنا (جنوبی امریکہ) نے جارج ٹاؤن میں احمدیہ مسلم مشن ہاؤس کی عمارت مکمل کر لی ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ احمدیہ مسلم مشن گی آنا کے مبلغ انچارج مکرم قریشی محمد اسلم نے یہ خوشکن اطلاع دیتے ہوئے بتایا ہے کہ اس مشن ہاؤس کی تکمیل پر ۴۰ ہزار گی آنین ڈالر خرچ ہوئے ہیں۔ یہ رقم پاکستانی کرنسی کے دو لاکھ اسی ہزار روپوں کے برابر ہے

احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس مشن ہاؤس کو اسلام کی اشاعت و تبلیغ کا مرکز بنائے اور اس کے ذریعہ سے دنیا میں توحید خالص کا قیام ہو۔ اور خاتم الانبیاء محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا جھنڈا اونچے سے اونچا لہراتے رہیں۔

پبلشر مسعود احمد، پرنٹر سید عبدالحی، مطبع بقعۃ الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

روزنامہ الفضل ربوہ
۲ وفا ۱۳۵۹ ہش
۱۸ شعبان ۱۴۰۰ ہج

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اے خدا ——— !

اے بارِ الٰہا ! اے معبودِ حقیقی ! اے حیّ و قیوم خدا
اے رب العالمین ، رحمٰن ، رحیم ، مالکِ یوم الدین ، قادرِ مطلق خدا
اے ماؤں سے بڑھ کر پیار کرنے والے ، اے حقیقی محبتوں ، مسرتوں اور سکون و سلامتی کے منبع و سرچشمہ ——— ہماری دعا سُن !!
اے مالکِ حقیقی ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو صحت و سلامتی سے رکھ ! سفر و حضر میں ان کا حامی و ناصر ہو۔
اے حقیقی پرستش اور عبودیت کے لائق ، بیرونی ممالک کے لئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا دورہ کامیاب کر ۔ اشاعت قرآن کی عالمگیر مہم کو تیز سے تیز تر کرنے کی توفیق دے۔ ہمارے محبوب آقا کے منصوبوں کو کامیابی اور فائز المرامی سے نواز ۔
اے معجزوں کے خالق ! اپنی خصوصی قدرت نمائی سے خالص حقیقی اور سچی توحید کو پھر سے دنیا بھر کے کونوں میں رائج کر ۔ ہر زبان قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کا وِرد کرنے والی ہو ۔ ہر چہرہ حمد و ثناء کے ترانے گانے والا ہو ۔ ہر چوک ۔ ہر کوچے ۔ ہر بازار اور ہر گلی میں صرف ایک ہی تحریر نظر آئے کہ :
"سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ"
اور ہمارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کو دنیا سے شرک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی توفیق دے
اے تقدیروں کے مالک ! دنیا کے خوش نصیب ترین انسان ، اپنے محبوب ترین انسان ، فخر الاولین والآخرین احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا جھنڈا دنیا بھر میں سب جھنڈوں سے اونچا کر ۔ آپ کی ذات بابرکات پر درود بھیجنے والوں کی تعداد میں دن رات اضافہ کرتا چلا جا ۔ آپ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے والوں کو دنیا بھر میں بھاری اکثریت بخش اور آپ کے غلام کے غلام حضرت مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کو اس دورہ کے ذریعے دنیا کے پاکوں اور معصوموں کے اس سردار صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا زیادہ سے زیادہ چرچا کرنے کی توفیق دے
اے اَحَد ، اے صمد ، دنیا بھر کے مختلف ممالک میں بکھرے ہوئے احمدیوں کو سلسلۂ خلافت کی رسی انتہائی مضبوطی اور قوت سے پکڑے رکھنے کی توفیق دے ۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے اس دورے کے ذریعہ خلافت احمدیہ کو استحکام اور قوت بخش اور اس ایک ہی نظام میں پرو کر دنیا بھر کے احمدیوں کو جسدِ واحد میں ڈھال کر بنیانٌ مرصوص بنا دے ۔
اے مولا ، اے مالک ، اے خدا ! دنیا کو شرک سے نکال ، دہریت کے پنجے سے رہائی دے ، بداخلاقی اور گمراہی کی دلدل سے نکال ۔ حق کی روشنی قبول کرنے کی توفیق دے اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس بابرکت دورے کو ان تمام مقاصد کے پورا ہونے میں ممد و معاون بنا ۔
اے آسمانوں اور زمینوں کے خالق ! قرآن کریم کی حکومت دلوں پر قائم کر ۔ قرآن کے معارف کو دنیا بھر میں پھیلا ۔ اس تشنہ دنیا کو ان روحانی خزائن سے اپنی جھولیاں بھرنے کی توفیق دے ۔ اپنی اس آخری کتاب کے علوم کو دنیا میں پھیلا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کے اس دورے کو جماعت احمدیہ کی طرف سے جاری کردہ اشاعت قرآن کی مہم تیز تر کرنے کا سبب بنا ۔
اے خدایا ۔ اے معبود ۔ اے پیارے ! اس دنیا کو ہلاکت سے بچا ۔ گمراہوں کو ہدایت دے ۔ بھٹکے ہوؤں کی رہنمائی کر ۔ اپنے پیارے بندوں کو اپنے غضب کی آگ سے بچا ۔ تیزی سے تباہی کی طرف بڑھتی ہوئی دنیا کو اپنی محبت کی لذت سے آشنا کر ۔
ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس دورے کو تشنہ لبوں کے لئے زندگی بخش جام بنا اور اہلِ مغرب کو اس حیات آفرین جام سے اپنی پیاس بجھانے کی توفیق دے !

اے دعاؤں کے سننے والے ، اے قاضی الحاجات ، اے ستار العیوب ، اے مولا ۔ اے مالک ۔ اے خالق ہماری سُن !
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الدُّعَآءِ !

○

عزمِ سفر

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اشاعت قرآن مجید کے سفر اختیار کرنے پر

بہرِ حق محوِ سفر حافظِ قرآں ہوئے
قلبِ مغرب میں بھی تنویر کے سامان ہوئے
تشنہ لب روحیں ہوئیں شاد کہ اُن کی جانب
گامزن ساقیٔ کوثرؐ کے غلامان ہوئے
نورِ فرقاں جو ملا نورِ دو عالم سے ہمیں
اس کے ابلاغ کے ہر ملک میں سامان ہوئے
غلبۂ حق کے طلب گار ہوئے محوِ دعا
نیم شب یار سے پھر وعدہ و پیمان ہوئے
جادہ جادہ ہو نصیب اُن کو خدا کی نصرت
کارواں کے جو رحیل اور حدی خوان ہوئے
ضامنِ فتح نمایاں ہیں ارادے جن کے
اُن کے ہر آن ملائک بھی نگہبان ہوئے
حق و باطل میں ہے اک فرق نمایاں شبیر
لیکن اُن کے لئے جو صاحبِ عرفان ہوئے

★ ——— : چوہدری شبیر احمد

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیہ مشن گیمبیا کا چھٹا سالانہ جلسہ

مکرم مرزا عبدالحق صاحب ٹیچر، نصرت ہائی سکول:

(۲)

دوسرا روز، ۵ر اپریل/شہادت

خدائے قدیر کے حضور گریہ وزاری کے ساتھ دعائیں۔ نوافل اور باجماعت تہجد کے ساتھ دوسرے روز کا آغاز ہوا۔ نماز فجر کے بعد استاد حامد مبایع صاحب نے قرآن و حدیث کا درس دیا جو پون گھنٹہ جاری رہا۔

نشست اوّل:

دوسرے روز کی پہلی نشست زیر صدارت الحاج لامین جوارا صاحب ۹ بجے صبح تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی۔ جو مکرم منیر احمد صاحب منیب نے کی۔ اس نشست میں پہلی تقریر "اسلام میں آزادیٔ ضمیر اور اس کی اہمیت" کے موضوع پر مکرم بابا ٹراوے صاحب نے کی۔ اس مخلص نوجوان نے اسلام کی حسین تعلیم پیش کرتے ہوئے مذہب کے بارہ میں جبر کو خارج از امکان قرار دیا۔ آپ نے بتایا کہ آزادیٔ ضمیر ہمیشہ سوسائٹی میں خلوص اور امن کی ضامن ہوتی ہے۔

دوسرے مقرر مکرم مولوی نصیر احمد صاحب شاد مبلغ سلسلہ احمدیہ تھے جنہوں نے عربی میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے معجزات بیان کرتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائرکٹر ڈی آف امریکہ کی موت کا تفصیل سے ذکر کیا۔

اس نشست کے تیسرے مقرر مکرم سیدی مختار حیدرا صاحب نے "ایثار و قربانی" کے موضوع پر اسلامی تاریخ کی روشنی میں نہایت بلیغ خطاب فرمایا۔ آپ نے احباب جماعت کو مالی و جانی جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اہمیت واضح کی۔ اس نشست کے آخری مقرر سینیگال کے ایک مخلص نوجوان محمود دراے صاحب تھے۔ جنہوں نے ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر دلپذیر خطاب فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کو اسلام کی ترقی اور غلبہ کا پیش خیمہ قرار دیا۔

آخر میں صاحب صدر نے تقاریر پر قیمتی و مفید ریمارکس دیئے۔ خصوصاً بیش از بیش قربانی کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

نشست دوم:

نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد دوسرے دن کی دوسری نشست جناب علی باہ صاحب (چیف کمپٹرولر آف کسٹمز) سیکرٹری مال کی صدارت میں ۳ بجے تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی۔ جو الحاج جوارا صاحب نے کی۔ بعدہٗ مکرم مولوی رفیق احمد صاحب جاوید مبلغ سلسلہ نے حقیقت ختم نبوت کے موضوع پر مدلل تقریر کی آپ نے قرآن و حدیث اور ائمہ سلف کی تحریرات کی روشنی میں احمدیہ مسلک کی وضاحت کی جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علوّ مرتبت کا اظہار ہوتا ہے۔ پروگرام کے مطابق دوسری تقریر مکرم استاد حامد مبایع صاحب لوکل مبلغ کی تھی۔ آپ نے صداقت احمدیت پر عالمانہ انداز میں خطاب کرتے ہوئے مخالفین کے اعتراضات کے شافی جوابات بھی دیئے صدر صاحب اجلاس کے ریمارکس کے ساتھ یہ اجلاس ۵½ بجے ختم ہوا۔

تیسری نشست: مجلس شوریٰ

نماز مغرب و عشاء کی ادائیگی و طعام کے بعد ملکی انتظامیہ کمیٹی کے انتخاب کے لئے شاورتی کمیٹی یعنی نیز کونسل کا اہم اجلاس زیر صدارت مکرم داؤد احمد صاحب صنیف امیر و مشنری انچارج پونے نو بجے تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوا جو خاکسار نے شوریٰ سے متعلقہ آیات پڑھ کر کی تھی۔ جناب امیر صاحب نے ان آیات کی تشریح و وضاحت کرتے ہوئے قواعد شوریٰ سے مجلس شوریٰ کے منتخب ارکان کو آگاہ کیا۔ آپ نے بتایا کہ تجویز اور تائید پھر لیڈیں دو رنگ (رائے کے اظہار) کو بے تبدیل بغیر کسی صلاح مشورہ یا بیرونی دباؤ سے کیا جائے۔ چنانچہ مجلس شوریٰ جو کہ سینیگال سمیت ہر جماعت کے منتخب نمائندگان پر مشتمل تھی۔ نئے آئندہ دو سال کے لئے جماعتی انتظامیہ کمیٹی کا انتخاب بخیر و خوبی سرانجام پایا۔ جناب امیر صاحب نے جملہ ممبران کو اور منتخبہ کمیٹی کے ارکان کو خدمت دین کے لئے ہر آن ایثار اور محبت سے کام کرنے کی طرف توجہ دلائی اور بتایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ سے منظوری آنے پر نئے ممبران کام شروع کریں گے تا ان موجودہ کارکن اپنے دائرہ کار میں مصروف رہیں گے۔

انتخاب سے قبل جنرل سیکرٹری جماعت ہائے گیمبیا جناب الحاج لامین جوارا صاحب نے ملک بھر کی جماعتوں کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ آپ نے بعض کامیابیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال احمدیہ ہسپتال کے لئے دارالحکومت میں مناسب جگہ کا حصول۔ نصرت سکول میں پانی اور بجلی کی فراہمی کے لئے گورنمنٹ سے حصول گرانٹ شامل ہیں۔ ہسپتال کی جگہ ابتدائی کام شروع ہو چکا ہے۔ سکول میں پانی و بجلی کی جملہ تنصیبات مکمل ہو چکی ہیں۔ بجلی کا کنکشن بھی مل چکا ہے۔ اسی طرح دارالحکومت میں مرکزی مسجد اور مشن کے لئے زمین حاصل کرنے کے لئے مساعی جاری ہیں۔ (خدا کرے کہ اس کا گھر جلد ہی تعمیر کرنے کی سعادت حاصل ہو) تبلیغی سٹینگ قریباً سرباہ انصار اللہ کے تحت مختلف مقامات پر منعقد ہو رہی ہیں۔ ایک جلسہ عام کا دارالحکومت میں پیغام حق پہنچانے کے لئے انعقاد ہوا تھا۔ آخر پر آمد و خرچ کا جائزہ پیش کرتے ہوئے اشاعت اسلام کے لئے مزید مالی قربانیوں کی اہمیت پر زور دیا۔

اجلاس لجنہ اماء اللہ

لجنہ اماء اللہ جماعت احمدیہ گیمبیا کا پہلا سالانہ اجلاس بعد مغرب (مذکورہ شاورتی اجلاس کے وقت علیحدہ ہال میں) زیر صدارت محترمہ بیگم صاحبہ مکرم داؤد احمد صنیف، امیر و مشنری انچارج منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد جو بیگم مرزا المید الحق نے کی۔ افتتاحی دعا کے بعد صدر مرکزیہ لجنہ اماء اللہ محترمہ سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ کا پیغام کا ترجمہ انگریزی میں پڑھ کر سنایا گیا۔ جو پیش خدمت ہے:-

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میری عزیز بہنو! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے خواہش ظاہر کی ہے کہ آپ کے جلسہ سالانہ کے موقع پر کوئی پیغام بھیجوں۔ میری عزیز بہنو! کیا قرآن سے بڑھ کر کوئی پیغام ہو سکتا ہے۔ چودہ سو سال قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کی ہدایت کے لئے مکمل ہدایت نامہ قرآن کریم کی صورت میں لائے تھے وہ ہر ملک کے لئے۔ ہر جگہ کے لئے اور ہر زمانہ کے لئے ہے لیکن مسلمانوں کی بدقسمتی کہ اعلیٰ ترین تعلیم اپنے پاس ہوتے ہوئے انہوں نے اس کو بھلا دیا۔ جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو بھیجا تا وہ پھر سے دنیا کو اس طرف لائیں اور ان کے دلوں میں یہ اصول بٹھا دیں کہ جو قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے اللہ تعالیٰ نے بھی آپ کو الہاماً آپ کے آنے کی غرض یہی بتائی تھی کہ یحیی الدین ویقیم الشریعۃ دین کو لوگ بھول چکے تھے شریعت اسلامی کے احکام پر چلنا عار سمجھتے تھے دین کو تازہ کرنا اور اس دین پر لوگوں کو چلانا آپ کا مقصد تھا۔

پس ہمارا فرض ہے کہ اس

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مقصد کو کامیاب بنانے کیلئے پوری جدوجہد سے کام لیں ہر احمدی عورت پڑھی لکھی ہونی چاہیئے۔ ہر احمدی عورت کو قرآن ناظرہ اور پھر با ترجمہ آنا چاہیئے۔ ہر احمدی عورت کو اپنا جائزہ لیتے رہنے چاہیئے کہ ان کا عمل بھی قرآن مجید کی تعلیم اور سنت رسول ﷺ کے مطابق ہے یا نہیں اگر عمل نہیں تو ہم کس منہ سے دعویٰ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا دعویٰ بغیر دلیل کے بیکار ہوتا ہے جب تک ہمارا اسوہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق نہیں ہوگا۔ ہم دنیا کے لئے باعث کشش نہیں بن سکتے۔

پس میری بہنو اور عزیز بچیو! قرآن پڑھنے اور پڑھانے کی طرف بہت توجہ دیں۔ دنیا کی بڑی بڑی ڈگری لینے کی بجائے کوشش کرنی ہیں لیکن جو تمام علوم کا خزانہ ہے اس کو حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرتیں۔ پس آپ کی سب سے بڑی ذمہ داری اگلی نسل کو قرآن کی تعلیم دینی، قرآن کی ان کے دلوں میں محبت پیدا کرنی (ہے) صرف اس حد تک محبت نہیں کہ قرآن پڑھ لیا۔ اسے آنکھوں سے لگا لیا بلکہ یہ شوق اور جذبہ کہ قرآن کے حرف حرف پر ہم نے عمل کر کے اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم ایسی ہی بنیں۔

خاکسارہ

آپ کی بہن

مریم صدیقہ

صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ"

اس پیغام اور اسی طرح باقی کارروائی کا ترجمہ انگریزی کے علاوہ جرمن اور اولف دونوں زبانوں میں ساتھ ساتھ کیا جاتا رہا۔ ترجمانی کے فرائض مکرمہ مسز باجوان صاحبہ اور دیگر بہنوں نے سرانجام دیئے۔ فجزاھم اللہ

مذکورہ پیغام کے بعد شاذیہ مرزا نے عربی قصیدہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سنایا۔ بعدہٗ محترمہ بیگم نسیم احمد صاحبہ نے آئندہ نسل کی تعلیم و تربیت کی اہمیت بیان کرنے کے بعد چند اصول دین بھی بتائے۔ پھر محترمہ بیگم صاحبہ چوہدری منیر احمد نے قصور حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر محترمہ بیگم صاحبہ محمود اقبال نے پیشگوئی حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر محترمہ بیگم صاحبہ انیس احمد عقیل نے سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اور محترمہ بیگم صاحبہ داؤد احمد صاحب طاہرہ نے دور اول کی صحابیات کے سنہری کارنامے پر تقاریر کیں۔

آخر پر صدر صاحبہ نے صدارتی ریمارکس میں بہنوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں تقاریر میں بیان کردہ نصائح پر عمل کرنے کی طرف توجہ دلائی اور دین کی خاطر اپنے بچوں اور بچیوں کو قربانی کرنے یا تخصیص قرآن سیکھنے کی کوشش کو فوقیت دینے کی تلقین کی۔

بالآخر اجتماعی دعا پر یہ اجلاس ۲½ گھنٹہ کی کارروائی کے بعد برخواست ہوا اور مستورات کا علیحدہ اجلاس لوکل بہنوں کے لئے ایک انوکھی چیز تھی اور ان کے لئے بڑی دلچسپی کا باعث بنا بعض غیر از جماعت بہنوں نے موقعہ نہ کئے جانے پر شکوہ کیا۔ آئندہ سال دعوت دیتے وقت ان امور کا زیادہ خیال رکھا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

تیسرا اجلاس ۱۶ اپریل / شہادت

حسب معمول آج کے دن کا آغاز بھی دعاؤں نوافل اور باجماعت تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد مکرم مولوی رفیق احمد صاحب جاوید نے درس دیا جو کہ ایک گھنٹہ تک جاری رہا۔

اختتامی اجلاس:

یہ اجلاس زیر صدارت مکرم داؤد احمد صاحب حنیف امیر و مشنری انچارج ۹ بجے صبح شروع ہوا۔ مکرم سید عبدالمومن صاحب نے خوش الحانی سے تلاوت قرآن کریم کی۔ اس اجلاس کی پہلی تقریر غزوہ احد کے موضوع پر سارجنٹ محمد مبارک صاحب نے کی۔ آپ نے صحابہ کرامؓ کی عظیم قربانیوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عظیم استقلال، توکل اور غیرت دینی کا تفصیلاً ذکر کیا۔ ازاں بعد الحاج لامن جوارا صاحب جنرل سیکرٹری نے برکات خلافت کے موضوع پر نہایت لطیف رنگ میں روشنی ڈالی۔ آپ نے امت اسلامیہ میں خلافت کو موجب برکت و رحمت قرار دیتے ہوئے احباب کو توجہ دلائی کہ اس برکت کے حصول کے لئے دامن خلافت سے مضبوطی کے ساتھ وابستہ رہیں۔

اجلاس کی آخری تقریر اسلام کا مستقبل پر جناب امیر صاحب کی تھی آپ نے بتایا کہ بانی اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک پیشگوئیوں کے مطابق اسلام کا مستقبل نہایت روشن ہے۔

اسلام کے حق میں ہونے والی حالیہ تبدیلیوں اور رجحانات کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے بتایا کہ اسلام کے غلبہ کی شاندار تیاری کے لئے ہر ممکن ذریعہ اختیار کرنا چاہیئے۔ ہماری ذمہ داریاں اس قدر بڑھ جاتی ہیں کہ ہمارا کوئی لمحہ بھی ضائع نہ ہو بلکہ اسلام اور انسانیت کے لئے ہر آن بہتر خدمت کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جائیں۔

آخر میں آپ نے تمام حاضرین جلسہ جملہ احباب جماعت، ملک کیمبیا، عالم اسلام اور انسانیت کی فلاح و بہبود کے لئے خصوصی دعائیں کرائیں۔ آپ نے احباب کو توجہ دلائی کہ اپنے پیارے خلیفہ اور خدام دین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ بالآخر آپ نے تمام حاضرین سمیت نہایت خشوع کیساتھ لمبی دعا کرائی۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے جلسہ کے دوران ۱۸ افراد (مرد و زن) نے بیعت کر کے سلسلہ میں شمولیت اختیار کی۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں استقامت بخشے! آمین!!

مجلس مذاکرہ

۱۶ر جون کی شام کو محترم صدر صاحب مجلس انصار اللہ مرکزیہ جناب صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب سلمہ اللہ اور محترم صاحبزادہ مرزا لقمان احمد صاحب سلمہ اللہ، محترم امیر صاحب ضلع سرگودھا کی درخواست پر سرگودھا شہر تشریف لائے۔ نماز مغرب حضرت میاں صاحب موصوف نے محترم میاں عبدالسمیع صاحب نون ایڈووکیٹ سرگودھا کی کوٹھی واقع ۱۵۴ سٹیٹ ٹاؤن سرگودھا کے لان میں پڑھائی۔ نماز کے بعد ۹ بجے شام اسی جگہ مجلس مذاکرہ کا انتظام تھا۔ اس مجلس مذاکرہ میں ۳۰ کے قریب غیر از جماعت معزز احباب جمع ہوئے جن میں زمیندار، وکلاء، روٹسا، ڈاکٹر اور شہر کے دیگر اہل علم دوست شامل تھے اور چالیس کے قریب احمدی دوست حاضر تھے۔ محترم امیر صاحب ضلع جناب مرزا عبدالحق صاحب کی درخواست پر محترم حافظ مسعود احمد صاحب نائب امیر ضلع نے تلاوت قرآن کریم فرمائی۔

بعد ازاں محترم امیر صاحب نے حاضرین مجلس سے ہر دو صاحبزادگان کا تعارف کرایا۔ سب سے اول امیر صاحب کی درخواست پر محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے "دور حاضرہ میں احمدیت اور خدمت قرآن" کے موضوع پر مختصر تقریر فرمائی اس کے بعد سوالات و جوابات کا سلسلہ شروع ہوا۔

محترم صاحبزادہ صاحب کے جوابات کو حاضرین مجلس سراپا گوش ہو کر سنتے اور محظوظ ہوتے رہے۔

دس بجے رات سب حاضرین کی خدمت میں محترم میاں عبدالسمیع صاحب نون ایڈووکیٹ نے پرتکلف عشائیہ پیش کیا۔

کھانا کھانے کے بعد دعا پر یہ مقدس تقریب اختتام پذیر ہوئی اور غیر از جماعت احباب نے اپنے تاثرات ان الفاظ میں بیان کئے کہ ایسی پر معارف اور عالمانہ باتیں انہوں نے اس سے پہلے کم سنی تھیں۔

رات ۱۱ بجے کے قریب ہر دو صاحبزادگان واپس ربوہ تشریف لے گئے۔

فالحمد للہ رب العالمین

(عزیز الرحمٰن منگلا۔ مربی انچارج ضلع سرگودھا)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اذکروا موتٰکم بالخیر

اماں جی کی یاد میں

۱۶ مئی ۱۹۸۰ء کو جمعہ کے روز ہماری پیاری اماں محترمہ غلام فاطمہ صاحبہ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ کا آبائی وطن ترگڑی ضلع گوجرانوالہ تھا۔ اور مکرم ملک میاں امام الدین صاحب کھوکھر کی بیٹی تھیں۔

قیام پاکستان سے قبل آپ نے قادیان رہائش اختیار کر لی تھی اور قیام پاکستان کے بعد آپ کراچی میں مقیم رہیں جہاں بیس سال تک آپ لجنہ اماء اللہ کی صدر رہیں۔ مرحومہ کو قرآن کریم پڑھنے پڑھانے کا بہت شوق تھا احمدی بچوں کے علاوہ بہت سی غیر احمدی لڑکیوں کو بھی آپ نے قرآن کریم پڑھایا جماعت کی طرف سے جو مالی تحریکات ہوئیں ان میں شوق سے حصہ لیتیں۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضؓ سے تحریک جدید میں ۱۹ سالہ قربانی کی سند حاصل کی اس کے بعد بھی تا وفات تحریک جدید میں حصہ لیتی رہیں وقف جدید کی مالی قربانی میں بھی حصہ لیتی تھیں۔ صد سالہ جوبلی فنڈ کا وعدہ آپ نے اپنی زندگی میں ہی ادا کر دیا تھا۔

یتیموں اور غریبوں کی مالی امداد بھی کرتیں اور امداد بھی اس طرح سے کرتیں کہ دوسرے کو پتہ نہ لگتا۔ نماز تہجد کی پابند تھیں آخر وقت تک جب تک ہوش رہا نماز تہجد کی ادائیگی میں ناغہ نہ کیا۔ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضؓ کا یہ شعر اکثر دہراتی تھیں۔

؎ حساب مجھ سے نہ لے بے حساب جانے دے
کھلا تو ہے تیری جنت کا باب جانے دے

بڑی مہمان نواز تھیں شہر سے جو مہمان آتا اس کی خدمت آپ اپنے ذمہ لے لیتیں۔ نہایت خوش خلق تھیں جماعت مقامی کے ہر جلسہ میں آپ شرکت فرماتیں بہت دعا گو اور باعمل خاتون تھیں زبان کی میٹھی اور دل کی حلیم تھیں صفائی کا بہت خیال رکھتی تھیں اکثر قرآن کریم کی تلاوت کرتیں اور دن کے اوقات میں بھی درود شریف اور استغفار کا ورد کرتی رہتیں۔

اولاد سے بہت محبت رکھتی تھیں ہر وقت ان کے لئے دعائیں کرتیں اور ان کی دینی اور دنیوی تعلیم میں کوشاں رہتیں سلسلہ احمدیہ کی طرف سے جو لٹریچر شائع ہوتا فوراً خرید لیتیں اور ہمیں ان کے مطالعہ کی طرف رغبت دلاتیں۔ اپنے رشتہ داروں سے حسن سلوک کرتیں اور وہ بھی آپ سے بہت محبت رکھتے تھے۔

مرحومہ نے حضرت مرزا محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم چچی سے قرآن کریم ناظرہ و باترجمہ پڑھا انہی سے ابتداء میں نماز اور اس کا ترجمہ سیکھا بہت سی دینی کتابیں بھی ان سے سبقاً سبقاً پڑھیں۔

وفات کے وقت مرحومہ کی عمر ۷۸ سال تھی آپ نے ۲ لڑکے ۲ لڑکیاں ۸ پوتے ۲ پوتیاں ۲ نواسے اور دو نواسیاں اپنی یادگار چھوڑے ہیں موصیہ ہونے کی وجہ سے جنازہ ربوہ لے جایا گیا جہاں آپ بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئیں۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اپنے قرب سے نوازے اور ہم سب پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے اور آپ کے نیک نمونہ کو اختیار کرنے کی توفیق دے آمین۔

(امۃ العزیز فرحت بنت مفتی محمد حسن صاحب ڈرگ روڈ کراچی)

ہماری مادر مہربان

ہماری والدہ محترمہ فرخندہ بیگم صاحبہ مورخہ ۳ جون ۱۹۸۰ء بروز پیر بوقت ۸ بجے صبح بعمر ۷۳ سال اپنے مولائے حقیقی سے جا ملیں

انا للہ وانا الیہ راجعون

صوبیدار میجر ڈاکٹر ظفر حسن صاحب صحابی حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صاحبزادی تھیں ان کا عقد ۱۹۳۳ء میں ہمارے والد محترم جناب مولوی عبدالرحمان مبشر صاحب آف ڈیرہ غازی خان سے ہوا۔ انہوں نے ایک وفادار اور خدمت گذار بیوی اور ایک مادر مہربان کی طرح اپنا وقت گذارا نہایت پاک باز، باحیا، بلند کردار باعصمت اور شفقت و محبت میں ایک مثال تھیں۔

ہماری زندگی کے ابتدائی دور غربت میں انہوں نے ہمارے والد محترم کے دوش بدوش نہایت جانفشانی اور محنت شاقہ سے ہماری پرورش اور تعلیم کے سامان کئے۔ قیام پاکستان کے بعد دو ماہ تک آپ جھنگ میں مقیم رہیں۔ دو ماہ بعد ہمارے والد محترم پاکستان تشریف لائے تو ہمیں اپنے وطن ڈیرہ غازی خان لے آئے۔ اس وقت سے آج تک ہم یہاں آباد ہیں والد محترم اور والدہ مرحومہ کی توجہ محنت اور لگن کے باعث ہم سب خوشحال ہیں۔ امی جان ہمیں پھلتا پھولتا اور ایک ہرے بھرے باغ کی صورت میں چھوڑ کر گئی ہیں۔

مرحومہ ایک عرصہ سے ذیابیطس کی مریضہ تھیں اور دن بدن کمزور ہوتی جا رہی تھیں اس پر مستزاد یہ کہ انہیں حال ہی میں پتے میں پتھری کی شکایت پیدا ہو گئی۔ ڈاکٹروں کے مشورہ کے مطابق انہیں سول ہسپتال فیصل آباد لے جایا گیا۔ بظاہر نہایت کامیابی سے جناب ڈاکٹر ولی محمد صاحب ماہر سرجن نے اپریشن کیا۔ لیکن بعد میں عدم احتیاط کے باعث ان کی طبیعت بگڑتی چلی گئی اور بالآخر دو دن اور دو راتیں بے ہوشی کی حالت میں گذار کر اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔

موصیہ ہونے کی وجہ سے ان کی میت کو ربوہ لایا گیا جہاں آپ بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئیں۔

ہماری والدہ محترمہ غریبوں کی ہمدرد، مسکینوں اور یتیموں اور بیواؤں کی خیر خواہ تھیں۔ نہایت عابدہ زاہدہ اور احمدیت کی فدائی تھیں۔ ہم سب بچوں کو نظام خلافت سے وابستگی کی نصیحت فرماتی رہتیں مسجد میں باجماعت نماز کی تلقین کرتیں۔ کوتاہی کی صورت میں سخت ناراض ہوتیں۔ ہمیشہ اپنے خاوند کی فرمانبردار اور مطیع رہیں۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے فضلوں سے نوازے اپنے قرب میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ہم جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے اور ہم سب کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

ہم ان تمام احباب کے شکر گذار ہیں جنہوں نے تشریف لا کر تعزیت فرمائی اور ہمارا حوصلہ بندھایا۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء

والدہ محترمہ نے اپنی یادگار ۵ بیٹے اور ۷ بیٹیاں چھوڑی ہیں نیز ۲۲ نواسے، ۱۴ نواسیاں، ۵ پوتے، ۱۱ پوتیاں چھوڑی ہیں

(عبدالوہاب قمر۔ ڈیرہ غازیخان)

وقفِ جدید اور انصار اللہ کی ذمہ داریاں

سیدنا حضرت مصلح موعود رضؓ وقفِ جدید کے بارہ میں فرماتے ہیں:۔

"جب روپیہ زیادہ آنا شروع ہو گیا اور نوجوان بھی زیادہ تعداد میں آ گئے اور انہوں نے ہمت کے ساتھ جماعت کو بڑھانے کی کوشش کی تو جماعت کو پتہ لگ جائے گا کہ یہ تحریک کیسی مبارک ہے۔ ....."

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۵/۱/۹۰)

یہ روپیہ اسی وقت آئے گا جب مالی لحاظ سے جماعت کا ہر فرد معیاری قربانی پیش کرے گا زعماء انصار اللہ و دیگر عہدیداران انصار اللہ اپنے حلقوں میں اس امر کے ذمہ دار ہیں کہ وقفِ جدید کے چندوں کے لحاظ سے معیاری قربانی پیش کی جا رہی ہے

اپنی مساعی کی رپورٹ باقاعدگی سے مرکزی دفتر میں ارسال فرماتے رہیں۔

(قائد وقفِ جدید انصار اللہ مرکزیہ)

الفضل میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔ (مینیجر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مجلس خدام الاحمدیہ اسلامیہ پارک لاہور کے

تربیتی اجلاس

مورخہ ۹ر مئی ۱۶ر مئی ۱۹۸۰ء مجلس خدام الاحمدیہ اسلامیہ پارک لاہور نے ہفتہ تربیت منایا جس کے دوران دس حلقوں میں خدام و اطفال کے تربیتی اجلاس منعقد کئے گئے۔ ان اجلاسوں میں حسب ذیل تربیتی و علمی موضوعات پر ناظمین صاحبان نے تقاریر کرائیں۔ ناظمین نے یہ تقاریر بڑی محنت سے تیار کیں اور خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کیں۔

(۱) مکرم نصیف احمد صاحب طاہر ناظم تربیت: نماز کی اہمیت کا جو بلی منصوبہ کا روحانی پروگرام وقف عارضی، مرکزی تربیتی کلاس

(۲) مکرم عبدالواسع صاحب ناظم تعلیم: مطالعہ کتب حضرت مسیح موعودؑ کی اہمیت، خلاصہ کتاب "ایک غلطی کا ازالہ" مرکزی امتحانات کی اہمیت

(۳) مکرم ڈاکٹر عبدالشکور صاحب ایڈیشنل ناظم تعلیم القرآن: تعلیم القرآن کی اہمیت اور حضور کی تحریکات الدعا کی طرف سے دعائیہ خطوط

(۴) ملک سعید یوسف جاوید قائد مجلس: خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں، حضرت مصلح موعودؓ کے ارشادات کی روشنی میں

ان اجلاسوں اور تقاریر کے ذریعہ خدام و اطفال تک وہ تمام اہم باتیں پہنچائی گئیں جن کی مجلس کو اس وقت ضرورت ہے یا حضرت خلیفۃ المسیح نے حال ہی میں تحریک فرمائی ہے۔ مثلاً ناظرہ قرآن، باترجمہ اور تفسیر کا سیکھنا، قرآن کریم، تفسیر سورۃ فاتحہ، تفسیر صغیر، اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تقاریر کا گھروں میں موجود ہونا۔ طلباء کا کم از کم میٹرک تک تعلیم حاصل کرنا۔ طلباء کا مستورات کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھنا تجنید کا کام مکمل کرنا، مطالعہ کتب اور مرکزی امتحانات اور مرکزی تربیتی کلاس میں خدام کو شامل کرنا۔ نمازوں اور دیگر تربیتی امور اور اسلامی اخلاق کی پابندی کرنا۔ نیز اپنی تنظیم کو مضبوط کرنا۔ مقررین نے تمام حلقوں میں جا کر خدام و اطفال کے مشترکہ جلسے کئے اور انہیں ان سب امور کی طرف متوجہ کیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ جلسے بہت کامیاب اور مفید ثابت ہوئے۔ ان جلسوں میں ۱۰۵ خدام اور ۳۸ اطفال نے شرکت کی۔

(قائد مجلس خدام الاحمدیہ اسلامیہ پارک لاہور)

درخواست ہائے دعا

(۱) میرے بڑے بھائی مکرم رانا بشیر احمد صاحب ان دنوں بیمار ہیں اور صوبہ سرحد ہسپتال لاہور میں زیر علاج ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامل و عاجل شفا عطا فرمائے۔ آمین۔ (رانا مبارک احمد لاہور)

(۲) ایف اے اور ایف ایس سی کے امتحانات ہو رہے ہیں جن میں بہت سے احمدی طلباء اور طالبات بھی شامل ہو رہے ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور انہیں قوم و ملک کے لئے مفید وجود بنائے۔ آمین۔

(محمد ظہیر الدین احمد علامہ اقبال روڈ۔ لاہور)

(۳) خاکسار نے امریکہ میں مزید تعلیم کے لئے درخواست دی ہوئی ہے۔ احباب جماعت خاکسار کی کامیابی کے لئے دعا فرمائیں۔

(سیف اللہ باجوہ چک ۱۰۶/۶-آر)

(۴) میرے ماموں جان مکرم ڈاکٹر محمد خان صاحب لندن میں بڑے سخت بیمار ہیں۔ احباب کرام سے ان کی کامل و عاجل صحت کے لئے درخواست دعا ہے۔

(ساجد عزیز اہلیہ حکیم مولوی عبدالعزیز صاحب گول بازار ربوہ)

(۵) میرے بڑے بھائی نوید احمد جو پی آئی بی کالونی میں ملازم ہیں کی پنڈلی میں کینسر کا اپریشن ہو رہا ہے۔ احباب جماعت مکرم بھائی صاحب کی اپریشن میں کامیابی اور صحت کے لئے دعا فرمائیں۔ اسی طرح میرے ہم زلف مکرم محمد اسلم صاحب

لجنات توجہ فرمائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی تقاریر پر مشتمل کتاب المصابیح اور تاریخ لجنہ جلد چہارم بہت تھوڑی تعداد میں دفتر لجنہ میں موجود ہیں اس کے علاوہ مجلد انگلش بھی موجود ہے۔ جن لجنات کے پاس ابھی تک درج ذیل کتب موجود نہیں ہیں۔ براہ مہربانی فوری طور پر اس کی خرید کی طرف توجہ دیں۔

(آفس سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ)

قرارداد تعزیت

مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے ایک ہنگامی اجلاس میں مندرجہ ذیل قرارداد تعزیت منظور ہوئی۔

مکرم خالد محمود صاحب قائد ضلع شیخوپورہ کا پہلا بچہ چند ماہ کی عمر میں (۲ر مئی) اچانک وفات پا گیا ہے۔ محترم خالد محمود صاحب نومبر ۷۹ء (۱۹ء) قائد ضلع مقرر ہوئے ہیں اور مجلس کا کام بہت مستعدی سے چلا رہے ہیں۔

مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا یہ اجلاس ان کے بچے کی وفات پر رنج کا اظہار کرتے ہوئے ان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے اہل خاندان کو صبر کی توفیق دے اور نعم البدل عطا فرمائے۔

(ہم ہیں اراکین مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

دعائے مغفرت

جماعت احمدیہ چیانہ والی ضلع گوجرانوالہ کے دو مخلص اراکین مکرم محمد ارشاد صاحب اور مکرم دین محمد صاحب ۷ر اور ۸ر جون کو وفات پا گئے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

مکرم محمد ارشاد صاحب نے سکوٹر اور جیپ کے ایک حادثہ کے نتیجہ میں وفات پائی۔ وفات کے وقت عمر صرف بائیس سال تھی۔

مکرم دین محمد صاحب کچھ عرصہ سے بعض عوارض میں مبتلا چلے آ رہے تھے۔ وفات کے وقت عمر ساٹھ سال کے قریب تھی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہر دو اصحاب کو اپنی رضا کی جنتوں میں بلند مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے آمین۔

(فضل احمد شاہد مربی سلسلہ فیروز والا ضلع گوجرانوالہ)

---

(۵) مکرم ایس۔ ڈی۔ او فیصل آباد گذشتہ تین ماہ سے علیل ہیں۔ احباب ان کی مکمل صحت یابی کے لئے دعا فرمائیں کہ خداوند قدوس ان کو کامل شفا عطا فرمائے۔ آمین۔

(آفتاب احمد ایم۔ ایس۔ سی ابن عبدالسلام اختر ایم اے)

(۶) مکرم میاں برکت علی صاحب شدید بیمار ہیں۔ لاہور لے جا کر انہیں ہسپتال میں داخل کروایا گیا ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ مولا کریم انہیں صحت والی زندگی دے۔ مکرم میاں صاحب جماعت احمدیہ دریہ آباد کے ایک سرگرم رکن ہیں۔

(ناصر احمد معلم وقف جدید)

(۷) خاکسار کے مرحوم بھائی انیس الرحمٰن صاحب کے اکلوتے ۲½ سالہ بچے کا فیصل آباد میں شاز کا اپریشن ہوا ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے کامیاب ہو گیا ہے۔ احباب کرام سے اس کی صحت اور درازی عمر کے لئے درخواست دعا ہے۔

(طیاء الرحمٰن دارالعلوم شرقی ربوہ)

(۸) خاکسار کی والدہ محترمہ اہلیہ محمد عبدالحق صاحب مجاہد امرتسری گذشتہ چند دنوں سے بیمار ہیں۔ کھانسی اور بخار بھی رہے باوجود علاج کے بخار نہیں اتر رہا جس کی وجہ سے کمزوری دن بدن بڑھ رہی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے۔

(محمد الحق عفی اللہ عنہ ناظم اطفال مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وصایا

ضروری نوٹ:۔ مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری کے قابل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی صاحب کو ان وصایا میں سے کسی وصیت پر کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو وہ دفتر بہشتی مقبرہ ربوہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے مطلع کریں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

مسل نمبر ۲۴۴۵۸:۔

میں زینت اسلام زوجہ بشیر احمد صاحب ظفر قوم راجپوت چوہان پیشہ طالبہ عمر ۱۹ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کراچی ضلع کراچی۔

بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۱۵/۲/۸۰ حسب ذیل وصیت کرتی ہوں میری موجودہ جائیداد حسب ذیل ہے۔

(۱) ایک عدد انگوٹھی طلائی وزنی چار ماشے مالیتی -/۶۰۰ روپے۔

(۲) حق مہر بذمہ خاوند -/۵,۰۰۰ روپے

میں اپنی مندرجہ بالا جائیداد کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت بحق صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتی ہوں اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کر دی جائے گی اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہوگی نیز میری وفات پر میرا جو ترکہ ثابت ہو اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔

اس وقت مجھے مبلغ -/۴۵۰ روپے آمد بصورت ملازمت ہے میری تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

میں اقرار قانونی اور شرعی کرتی ہوں کہ مجھے یا میرے کسی وارث کو کسی حالت میں کبھی بھی یہ حق نہ ہوگا کہ اپنا ادا کردہ چندہ وصیت یا ادا کردہ حصہ جائیداد کی واپسی کا مطالبہ کریں۔

العبد:۔ سید بشیر احمد مظہر P.O.Box 69 ۔ ۔ ۔ شاہراہ فیصل کراچی

گواہ شد:۔ مظفر احمد منصور مربی سلسلہ کراچی

گواہ شد:۔ اعجاز احمد صاحب صدر حلقہ ۱ اورنگی ٹاؤن کراچی۔

مسل نمبر ۲۴۴۶۰:۔

میں اسلم احمد پرویز ولد محمد یامین صاحب النور کراچی قوم گجر پیشہ طالب علم

گواہ شد:۔ حبیب اللہ صادق وصیت ۲۳۱۱۷ قائد اورنگی ٹاؤن خدام الاحمدیہ کراچی

مسل نمبر ۲۴۴۵۹:۔

میں سید بشیر احمد مظہر ولد سید شوکت علی شاہ قوم سید پیشہ ملازمت عمر ۲۷ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک ۱۵۷ چنی گوٹھ ضلع بہاولپور

بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۸/۱/۸۰ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں۔ میری موجودہ جائیداد کوئی نہیں ہے۔

اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کر دی جائے گی اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہوگی نیز میری وفات پر میرا جو ترکہ ثابت ہو اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔

اس وقت مجھے مبلغ -/۴۵۰ روپے آمد بصورت ملازمت ہے میری تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

میں اقرار قانونی اور شرعی کرتا ہوں کہ مجھے یا میرے کسی وارث کو کسی حالت میں کبھی بھی یہ حق نہ ہوگا کہ اپنا ادا کردہ چندہ وصیت یا ادا کردہ حصہ جائیداد کی واپسی کا مطالبہ کریں۔

العبد:۔ سید بشیر احمد مظہر P.O.Box 69 ۔ ۔ ۔ شاہراہ فیصل کراچی

گواہ شد:۔ مظفر احمد منصور مربی سلسلہ کراچی

گواہ شد:۔ اعجاز احمد صاحب صدر حلقہ ۱ اورنگی ٹاؤن کراچی۔

مسل نمبر ۲۴۴۶۰:۔

میں اسلم احمد پرویز ولد محمد یامین صاحب النور کراچی قوم گجر پیشہ طالب علم عمر ۱۸ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن النور ضلع کراچی۔

بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۷/۱۲/۷۹ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں میری موجودہ جائیداد اس وقت کوئی نہیں ہے۔ اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کر دی جائے گی اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہوگی۔ نیز میری وفات پر میرا جو ترکہ ثابت ہو اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔

اس وقت مجھے مبلغ -/۳۰ روپے ماہوار آمد بصورت جیب خرچ ہے میری تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

میں اقرار قانونی اور شرعی کرتا ہوں کہ مجھے یا میرے کسی وارث کو کسی حالت میں کبھی بھی یہ حق نہ ہوگا کہ اپنا ادا کردہ چندہ وصیت یا ادا کردہ حصہ جائیداد کی واپسی کا مطالبہ کریں۔

العبد:۔ اسلم احمد پرویز ولد محمد یامین (۱/۱۸۱) النور سوسائٹی فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸

گواہ شد:۔ سید ... مربی جماعت احمدیہ ۱۹/۱۱/۸۹ النور کراچی ۳۸۔

گواہ شد:۔ انور احمد ۱/۱۸۱ النور سوسائٹی فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مضمون نویسی کے مقابلہ میں انعام

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی دعاؤں کے طفیل میرے پوتے عزیزم منیر احمد ولد سعید احمد صاحب انچارج میڈیکل ڈسپنسری کوہیر پور خاص سندھ میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مضمون نویسی کے مقابلہ میں دوسری پوزیشن حاصل ہوئی ہے۔ مضمون نویسی میں ہائی سکولوں کے طلباء شامل ہوئے تھے۔ الحمد للہ رب العالمین۔

احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ عزیز کو دینی اور دنیاوی تعلیم میں کامیابی عطا فرما کر خادم خلافت بنائے اللھم آمین۔

(فیروز الدین امرتسری انسپکٹر تحریک جدید سندھ)

تلاش گم شدہ

میری کلائی گھڑی NINO کمپنی سفید ڈائل سفید سٹیل چین مورخہ ۱۰/۶/۹۰ بروز جمعۃ المبارک بوقت نماز مغرب مسجد مہدی میں وضو کرتے ہوئے رہ گئی ہے۔ جس بھائی کو ملی ہو براہ کرم مولوی محمد اسمٰعیل منیر صاحب سیکرٹری مجلس نصرت جہاں پہنچا کر شکریہ کا موقع دیں۔

(مشتاق احمد شاہد بی۔ ایس سی۔ بی ایڈ سائنس ٹیچر سیالکوٹ، پیکٹ سکول راسیالکوٹ)

یہ نقدی کس کی ہے

مورخہ ۲۳/۶/۹۰ کو حلقہ مسجد مبارک سے کچھ نقدی ملی تھی جس صاحب کی ہو وہ تفصیل بتا کر خاکسار سے حاصل کرے۔

(میر عبد القدیر کوارٹر انجمن احمدیہ ۵۳۷ ۔ ربوہ)

مطالعہ کتب

ماہ جولائی میں خدام کے مطالعہ کے لئے کتاب "فتح اسلام" مقرر ہے خدام اس کا مطالعہ کریں۔

ماہ اگست میں کتاب "جماعت سے خطاب" کتاب مقرر کی گئی ہے خدام نوٹ فرما لیں۔

(مہتمم تعلیم
مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

قائدین مجالس اور ضلع توجہ فرمائیں: وقار عمل ۵ جولائی تا ۱۲ جولائی ہفتہ وار منایا جائے (مہتمم بال بھوانہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

امیر جماعت احمدیہ ضلع جھنگ
مکرم محمد بشیر احمد صاحب کا انتقال کر گئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

امیر جماعت احمدیہ ضلع جھنگ مکرم محمد بشیر احمد صاحب علی ابن بابو فقیر علی صاحب ریٹائرڈ سٹیشن ماسٹر مورخہ ۲۴ جون ۱۹۸۰ء کو سول ہسپتال فیصل آباد میں انتقال فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

مرحوم کو ہرنیا کی تکلیف تھی۔ ۲۴ جون کو اپریشن ہوا جو کہ کامیاب رہا۔ مگر بعد میں کسی پیچیدگی کی وجہ سے سہ پہر کو انتقال کر گئے۔ تدفین ۲۵ جون ۱۹۸۰ء کو بہشتی مقبرہ میں عمل میں آئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر مکرم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے مسجد مبارک کے صحن میں نماز جنازہ پڑھائی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم صوفی غلام محمد صاحب ناظر بیت المال خرچ نے دعا کرائی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور اپنی جناب سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

ضروری اعلان برائے امراء کرام و طلبہ و طالبات

وظائف ادائیگی حقوق طلباء کے لئے درخواست فارم طبع ہو چکے ہیں۔ امراء اضلاع دیہاتی جماعتوں کے طلباء کے لئے اور دیگر امراء کرام و صدر صاحبان شہری جماعتوں کے لئے حسب ضرورت معین تعداد میں یہ فارم نظارت تعلیم سے منگوا لیں۔ بہتر ہوگا کہ مرکز میں آنے والے کسی نمائندہ کے ذریعہ یہ فارم دستی طور پر منگوائے جائیں۔

افراد جماعت و طلباء و طالبات انفرادی طور پر بھی نظارت تعلیم کو خط لکھ کر فارم منگوا سکتے ہیں۔

(ناظر تعلیم)

زبردست تاریخی اہمیت کی تقریر
جماعت سے خطاب

سالانہ اجتماع انصار اللہ مرکزیہ ۱۹۷۹ء کے موقعہ پر سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو عظیم الشان اور یادگار خطاب فرمایا وہ کتابی شکل میں شائع کر دیا گیا ہے۔ اس میں حضور نے علمی اور اخلاقی ترقی کے ایک اہم پروگرام کی تفصیلات بیان فرمائی تھیں۔ سولہ صفحے کی یہ مختصر کتاب مجیب الرحمٰن درویش لمیٹڈ میکلوڈ روڈ لاہور سے شائع کی ہے۔

حضور کا محبت بھرا "السلام علیکم"

(بقیہ صفحہ اوّل)

فوج در فوج دین اسلام میں داخل ہوں اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجکر عاقبت سنوارنے کا کام کریں۔ آمین

۔۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت کل سے بلڈ پریشر میں اضافے کی وجہ سے قدرے ناساز ہے۔ احباب کرام التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ موصوفہ مدظلہا کو صحت و سلامتی دے رکھے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

۔۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے خاکسار کے داماد ناصر احمد قمر مربی سلسلہ احمدیہ کو دوسرا بیٹا عطا فرمایا ہے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نومولود کا نام اظہر احمد تجویز فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ نام ہم سب کے لئے ہر لحاظ سے مبارک کرے۔ نومولود کو صحت و سلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور اسلام و احمدیت کا حقیقی خادم بنائے۔

خواجہ بشیر احمد سیالکوٹ۔

۔۔ میری اہلیہ کافی عرصہ سے بیمار ہیں۔ آج کل بیماری کی شدت کی وجہ سے سیونتھ ڈے ایڈونٹسٹ ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ متواتر گلوکوز کے ڈرپ دیئے جا رہے ہیں۔ اس کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔ محمد اسمٰعیل بقاپوری کراچی

۔۔ عزیزم جمیل احمد طارق آف سیرا لیون امسال ایم ایس سی کا امتحان دے رہا ہے۔ احباب اس کی نمایاں کامیابی کے لئے درخواست دعا ہے۔ (حسین کاتب الفضل)

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ
اس عظیم منصوبہ کی غرض و غایت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کے منصوبے کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

"اس سے ہم خطبہ دین خاتم الانبیاء کی صدی کا استقبال کرتے ہیں۔ نئے مشن قائم کرتے ہیں۔ نئی مساجد تعمیر کی جاتی ہیں۔ دنیا کی ایک سو زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم کر کے انہیں شائع کرتا ہے اور اسلامی لٹریچر کی مختلف ممالک کی اپنی زبانوں میں کثرت سے اشاعت کرتی ہے۔"

مخلصین جماعت احمدیہ سے گزارش ہے کہ اس بابرکت پروگرام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ میں فراخدلی سے حصہ لیجئے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

درخواست دعا

میرے ابو جان ان دنوں ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے بیمار ہیں، نیز میری امی جان بھی گردے میں پتھری کی وجہ سے بیمار ہیں۔ ڈاکٹروں نے اپریشن کا مشورہ دیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ میرے والدین کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درد دل سے دعا کریں۔

امۃ الرشید شوکت میرپور آزاد کشمیر

الفضل میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ھُوَ الشَّافِیْ

ناخونہ کورس	PTERYGIUM COURSE
ناخونہ کیور 15/-	PTERYGIUM CURE
ناخونہ لوشن 3/-	PTERYGIUM LOTION
میزان 18/-	
ڈاک خرچ و پیکنگ 5/-	
23/-	

تفصیلی لٹریچر ۲۵ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیجکر منگوائیں

کیور ٹیو میڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو) رجسٹرڈ پاکستان

لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس ربوہ فون 606

ایک دلکش رہائشی منصوبہ

دار الفتوح

مسجد اقصیٰ کی غربی جانب قریباً نصف فرلانگ پر ساہیوال۔ چنیوٹ روڈ سے متصل دس اور پانچ مرلہ کے پلاٹ۔ میٹھا پانی۔ کھلی فضا اور مناسب قیمت قابل فروخت ہیں۔ نیز الیاسطہ کالونی۔ نصرت آباد اور محلہ جات اندرون ربوہ میں باموقع اور موزوں پلاٹ اور مکانات کے علاوہ مضافات ربوہ میں زرعی اراضی خریدنے کے لئے مومن اسٹیٹس سے رجوع فرمائیں۔

پروپرائٹر۔ مومن اسٹیٹس گولبازار ربوہ

فون نمبر۔ 517 ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۵